26/09/2025
09.20 AM(5 min)

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔
اب آپ ﷺ محمد اعظم سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر
لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ شہریوں کی تیز تر ترقی کے لئے ایک لاکھ کروڈ روپے مالیت کا اربن چیلنج فنڈ انقلابی نوعیت کا ثابت ہو گا ۔ سرینگر میں آل انڈیا فورم آف Real Estate Regulatory اتھارٹی کی گورننگ کونسل کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آنے والے وقت میں رئیل ایسٹیٹ معیشت کا ایک اہم حصہ بنے گا ۔

چمپئین شپ
وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ آج شیر کشمیر انڈور سپورٹس کمپلیکس سرینگر میں کھیل کود کے وزیر ستیش شرما کے ہمراہ Pencak Silat تیسری جونئر ایشین چمپئین شپ کا با اضابطہ افتتاح کریں گے ۔
Mascot اس سے قبل کل چمپئین شپ کے مختلف کی نقاب کشائی عمل میں لائی گئی اور سرینگر میں مارشل آرٹ کی سرگرمیوں کے لئے سٹیج تیار ہو گیا ہے ۔
اس چھ روزہ ایونٹ میں گیارہ ممالک کی 12 ٹیمیں اور تین سو سے زیادہ ایتھلیٹ حصہ لیں گے ۔ شرکت کرنے والے ممالک میں بھارت کے علاوہ اُزبیکستان ، انڈو نیشیا ، کرگِستان ، تھائی لینڈ ، سری لنکا ، Philippines ، بنگلہ دیش ، ویتنام ، نیپال اور قزاکستان شامل ہیں ۔

جتندر سنگھ
مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار نے جموں کشمیر کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا ہے ۔سرینگر میں ایک تقریب کے بعد میڈیا سے بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر میں جو بھی بڑے کام کئے گئے ہیں ، وہ موجودہ مرکزی سرکار نے سر انجام دئے ہیں ۔

GST
GST ملک بھرمیں22 ستمبر سے جو جدید اصلاحات لاگو ہو گئی ہیں اسے براہ راست ٹیکس نظام کو آسان بنانے کی جانب ایک بڑا قدم مانا جا رہا ہے۔اشیاءاور خدمات پر ٹیکس میں کمی سے عام شہریوں کو بڑے پیمانے پر راحت مل رہی ہے ۔
s
ایل جی ملاقات
نیشنل ڈزاسٹر منیجمنٹ اتھارٹی کے سابق ممبر اور ارضیاتی سائنس کی وزارت میں سابق سیکریٹری ڈاکٹر ہرش کے گپتا نے اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو کے ہمراہ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی ۔ اس دوران جموں کشمیر میں ناگہانی آفات سے نمٹنے کی تیاریوں ، خطرات کو کم کرنے اور زلزلہ مزاہم بنیادی ڈھانچہ کی تعمیر جیسے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔

سیوا پرو
جمونو کشمیر بھر میں سیوا پرو کے تحت سرگرمیوں کا انعقاد جا ری ہے۔ اس سلسلے میں مختلف اضلاع میں بیداری کیمپ اور دیگر پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں۔
کھادی اینڈ ولیج انڈسٹریز کمیشن کی طرف سے وزیر اعظم روزگار ضمانتی پروگرام کے تحت وادی بھر میں ایک مہم شروع کی گئی ہے جس کا مقصد درجہ فہرست ذاتوں اور قبائل کے مستحقین کا احاطہ کر کے انہیں فائدہ پہنچانا ہے ۔
سیوا پرو کے تحت شوپیان ضلع میں منعقد کی گئی سرگرمیوں کے چلتے ابھی تک چھ سو سے زائد مستحقین نے سوشل سکیورٹی سکیموں میں اپنا اندراج کرایا ہے ۔
محکمہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے سیکریٹری ڈاکٹر پیوش سنگلا نے یوٹی کے مختلف علاقوں میں ڈیجیٹل خدمات کے بارے میں عوام میں جانکاری پیدا کرنے کی خاطر سیوا پرو کے تحت Digi Vans کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا ۔

پولیس
جموں کشمیر پولیس نے بونہ گام کولگام کے وسیم ریشی اور نائنہ بٹہ پورہ پلوامہ کے گلزار گتو نامی دو منشیات سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے نشیلی اشیاءکی کچھ مقدار بر آمد کر لی ہے ۔

پلوامہ پولیس کی جانب سے مہجور میموریل ہائر سیکنڈری سکول اور لاسی پورہ میں منشیات کے خلاف ایک بیداری پروگرام منعقد کیا گیا ۔ مقررین نے صحت اور سماج پر منشیات کے مضر اثرات کو اجا گر کیا ۔
بڈگام پولیس نے سردار ولبھ بھائی پٹیل کی سالگرہ کی مناسبت سے اپنے سوک ایکشن پروگرام کے تحت رن فار Unity کا انعقاد عمل میں لایا ۔
ریلوے سٹیشن بڈگام سے نیو بس سٹینڈ بڈگام تک اتحاد کے لئے اس دوڑ میں لوگوں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ۔

کرکٹ

ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں کل شام پاکستان نے بنگلہ دیش کو ہرا کر فائنل میں اپنی جگہ بنائی ہے۔ بھارت پہلے ہی ایشیا کپ کے فائنل میں پہنچ گیا ہے ۔ دونوں ٹیموں کے مابین فائنل مقابلہ اتوار کو کھیلا جائے گا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 11 اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔
خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت
خدا حافظ